WF PRESIDENT

# صدر (WF) کا دورۂ پاکستان
## جون 2023

جون 2023ء میں، ورلڈ فیڈریشن (World Federation) کے صدر الحاج صفدر جعفر صاحب نے پاکستان کا دورہ کیا۔ ملاقاتوں کے سلسلے میں مشغول ہونے کے ساتھ ساتھ ملک بھر میں فلڈ ہاؤسنگ (Flood Housing) کے سلسلے میں ہونے والے کاموں سمیت جاری منصوبوں کا جائزہ بھی لیا۔ کراچی میں ہونے والی ان ملاقاتوں میں پاکستان فیڈریشن خوجہ (پیرہائی) شیعہ اثناء عشری جماعت(KPSIAJ) کے ساتھ ساتھ پاکستان میں کمیونٹی کے زیرِ انتظام مختلف ٹرسٹوں کی دل کھول کر مدد کرنے والے معزز مخیّر حضرات کے ساتھ تبادلہِ خیال کیا گیا۔

اس دورے کا بنیادی مقصد کراچی میں کمیونٹی کی ضروریات کے مطابق ہاؤسنگ پراجیکٹس شروع کرنے کی عملیت کا جائزہ لینا تھا۔

## KPSIAJ ہاؤسنگ پروجیکٹ



22 جون 2023 کو ورلڈ فیڈریشن (WF) کے صدر، الحاج صفدر جعفر صاحب نے خوجہ (پیرہائی) شیعہ اثناء عشری جماعت (KPSIAJ) کے دفتر واقع کراچی میں ایک میٹنگ میں شرکت کی جس میں پاکستان کے عہدیداروں اور اراکین کے ساتھ مل کر خوجہ کمیونٹی کے مختلف ٹرسٹوں کے مخیر حضرات کو اکٹھا کیا گیا جس میں پاکستان فیڈریشن اور KPSIAJ جماعت کے اراکین بھی شامل تھے تاکہ کمیونٹی ہاوسنگ کی ضروریات کے اہم مسائل کو حل کیا جا سکے۔

میٹنگ میں موجود معزز شخصیات میں:

الحاج صفدر جعفر صاحب (WF کے صدر)، الحاج حسین علی بھائی، الحاج سجاد ابراہیم، الحاج مصطفیٰ قاسم، الحاج شمس حاجی، الحاج علی نواز اور الحاج اظہر پٹیل شامل تھے۔

KPSIAJ کے میزبانوں میں شامل تھے:

الحاج ابوالحسن گوکل صاحب( KPSIAJ کے صدر) اور پاکستان فیڈریشن، آغا اصغر حسین شہیدی صاحب (KPSIAJ کے آنزیری سیکریٹری)، الحاج یاور عباس کمیلی صاحب (KPSIAJ کے جوائنٹ سیکریٹری)، الحاج عسکر علی بدرا والا صاحب (KPSIAJ کے خزانچی)، الحاج زاہد حسین وسنانی صاحب( پاکستان فیڈریشن کے کونسلر اور ذمہ دار اعزازی سیکرٹری)، الحاج شاہد علی خوجہ صاحب ( پاکستان فیڈریشن کونسلر)، الحاج رضا ممدانی صاحب(KPSIAJ کے رضاکار) شامل تھے۔

ورچوئل شرکاء میں شامل تھے:

الحاج تقی جعفر صاحب ( جعفر فیملی فاؤنڈیشن (JFF) کے چیئرمین)، الحاج محسن علی گھی والاصاحب (WF کونسلر) اور KPSIAJ MC ممبر، الحاج زین صاحب c/o الحاج تقی جعفر بلڈرز اور الحاج عمر صاحب c/o الحاج تقی جعفر بلڈرز شامل تھے۔

شرکاء ظاہری اور آن لائن تعمیری اور نتیجہ خیز بات چیت میں مصروف تھے جس کا مقصد کمیونٹی کے لیے رہائش کے حالات کو بہتر بنانے کے لیے قابل عمل حل تلاش کرنا تھا۔ جامع پیشکشوں کے سلسلے کے بعد یہ طے پایا کہ ٹھوس تجاویز مرتب کرنے اور آئندہ مہینوں میں اس اجلاس کے شرکاء کو پیش رفت رپورٹ فراہم کرنے کے لیے ایک ٹاسک فورس کی تشکیل ضروری ہے۔

# بچوں کا سمر کیمپ اور میڈیکل چیک اپ



L-R - آغا اصغر حسین شہیدی - اعزازی سیکرٹری KPSIAJ, الحاج صفدر جعفر - صدر WF , الحاج ابوالحسن گوکل - صدر پاکستان فیڈریشن , خدیجہ میثم - کونسلر پاکستان فیڈریشن

ورلڈ فیڈریشن (WF) کے صدر الحاج صفدر جعفر صاحب کو KPSIAJ کے زیرِ اہتمام بچوں کے لیے سمر کیمپ کا مختصر دورہ کرایا گیا۔

## سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ
## 24 سے 26 جون 2023ء



شدید گرمی کے باوجود ورلڈ فیڈریشن (WF) کے صدر اور وفد نے 24 سے 25 جون 2023ء تک سندھ اور جنوبی پنجاب کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ دورے کا بنیادی مقصد گذشتہ سال پاکستان میں آنے والے تباہ کن سیلاب کے بعد مختلف ڈونرز بشمول امام حسن فاؤنڈیشن(آسٹریلیا)، محسن اینڈ فوزیہ جعفر فاؤنڈیشن (امریکہ) اور انفرادی عطیہ دہندگان کی جانب سے WF AID کے ذریعے فراہم کردہ فنڈز کے تناظر میں جاری ہونے والے منصوبوں کا جائزہ لینا تھا۔






ورلڈ فیڈریشن (WF) کے صدر الحاج صفدر صاحب کے علاوہ وفد میں مندرجہ ذیل احباب شامل تھے:

ورلڈ فیڈریشن (WF) کے صدر کے ساتھ آنے والے ڈبلیو ایف کے وفد میں شامل تھے:

الحاج محمد مصطفیٰ– ڈبلیو ایف لیڈ پاکستان آفس، سید علی گوہر، ڈبلیو ایف مارکیٹنگ اینڈ کمیونیکیشن ٹیم، ٹیکنیکل ٹیم انجینئر الحاج حسن عسکری اور انجینئر الحاج شوزاب شامل تھے۔

ٹیم نے جاری ہاؤسنگ پراجیکٹس کا جائزہ لیا اور ان پر تبادلہ خیال کیا۔ تعمیراتی عمل کو مزید اقتصادی بنانے کے لیے لاگت کی بچت کے مشترکہ اقدامات، اور اس بات پر روشنی ڈالی کہ کس طرح ویلیو انجینئرنگ نے کمرے کے بڑے سائز ہونے میں کردار ادا کیا ہے ۔ صدر صاحب نے تعمیراتی عمل کو تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور متاثرہ خاندانوں کو پناہ گاہیں فوری طور پر پہنچانے کے لیے تمام دستیاب ذرائع کو بروئے کار لانے کی ہدایت کی۔



دورے کے دوران وفد نے سندھ اور پنجاب کے دور دراز دیہاتوں میں مکانات کی تعمیر کی پیش رفت کا معائنہ کیا۔ بدقسمتی سے سیلاب سے متاثرہ خاندان بدستور سنگین حالات زندگی کو برداشت کر رہے ہیں، جن میں بجلی، صاف پانی، اسکولوں اور صحت کی سہولیات جیسی بنیادی ضروریات کا فقدان ہے۔ زرعی زمین تباہ ہو چکی ہے اور مقامی آبادی بالخصوص مرد حضرات روزی روٹی کمانے کے مواقع سے بھی محروم ہیں۔





اس سلسلے میں تعمیر شدہ گھروں کا افتتاح کیا گیا۔ وفد نے علی اصغر واٹر اپیل (AAWA) کے ذریعے شروع کیے گئے مختلف منصوبوں کا بھی مشاہدہ کیا جو کہ مجموعی تعمیراتی منصوبے کا حصہ ہے جس کا مقصد غریب خاندانوں کو فائدہ پہنچانا ہے۔




مزیدبرآں ٹیم نے اس جگہ کا دورہ کیا جہاں پانی کے کنویں اور پائپ لائنوں کی تنصیب کا کام جاری ہے۔ صدر صاحب نے آئندہ تعمیر کیے جانے والے گھروں پر شمسی توانائی، پنکھا اور لائٹ بھی نصب کرنے کی منظوری دی تاکہ مشکل میں گھرے پسماندہ افراد کو کچھ آرام پہنچایا جا سکے۔




ٹیم نے علی اصغر واٹر اپیل (AAWA) کے تحت کنویں اور نصب کیے ہوئے ہینڈ پمپس کا بھی دورہ کیا اور اس کے صحیح استعمال کا مشاہدہ کیا اور مستفید ہونے والے افراد سے ملاقات کی اور مزید ہینڈ پمپس کی ضرورت کا جائزہ لیا گیا۔

مندوبین نے اقتصادی ترقی کے منصوبے سے فائدہ اٹھانے والوں سے ملاقات کی اور اس اقدام کو وسعت دینے پر شراکت داروں کے ساتھ بات چیت کی۔ محسن اینڈ فوزیہ جعفر فاؤنڈیشن کی طرف سے سپانسر کردہ اس پروجیکٹ کے حصے کے طور پر ہر مستحق کو 3-4 بکریاں بھی ملی ہیں ۔ الحمدللہ! اب تک 150 سے زائد خاندانوں کی مدد کی جا چکی ہے اور اس منصوبے کا مقصد 500 سے زائد خاندانوں کو مدد فراہم کرنا ہے.






جنوبی پنجاب میں قابل ذکر تعداد میں گھروں کا افتتاح کیا گیا اور ورلڈ فیڈریشن (WF) کے زیر اہتمام اقتصادی ترقی کے منصوبے کے ایک حصے کے طور پر نئی قائم کی گئی ٹک شاپس اور کولڈ ڈرنک کی جگہوں کا بھی دورہ کیا گیا۔ ان اقدامات نے غریب افراد کو اپنے معاشی حالات کو بہتر بنانے کے مواقع فراہم کیے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک پسماندہ فرد ( مالی) کرائے کی ایک چھوٹی دکان سے ہر ماہ 80$ کمانے کے قابل ہوگیا ہے اور یہ اقدام فقط 400$ کی سرمایہ کاری کی بدولت ہوئی ہے۔ اس طرح کی کامیاب کہانیاں مختلف صوبوں بشمول سندھ، پنجاب اور کے پی کے میں سامنے آئی ہیں جہاں لوگ اس فراخ دلانہ امداد سے اپنی معاشی حالت میں بہتری لائے ہیں۔

پسماندہ علاقوں میں رہنے والے خاندانوں نے مقامی رضاکاروں کی بھرپور کوششوں کے ساتھ ساتھ ورلڈ فیڈریشن (WF) اور اس کے عطیہ دہندگان کی طرف سے فراہم کردہ تعاون پر خوشی اور دلی تعریف کا اظہار کیا اور ڈھیروں دعائیں بھی کیں۔




## اسلام آباد
## 27 جون 2023ء



27 جون کو صدر صاحب نے H.F فاؤنڈیشن اسلام آباد کے دفتر کا دورہ کیا اور عملے کے ساتھ ملاقات کی۔ دورے کے دوران صدر نے ورلڈ فیڈریشن (WF) اور مقامی ضوابط دونوں کی تعمیل کو یقینی بناتے ہوئے دستاویزات اور رپورٹنگ کے طریقہ کار کا مکمل جائزہ لیا۔ انہوں نے پاکستان میں WF اور HF ٹیموں کی طرف سے کئے جانے والے قابل تحسین کاوشوں کو سراہا۔

ورلڈ فیڈریشن (WF) کے صدر نے ”زینبیہ چائلڈ اسپانسر شپ سکیم (ZCSS)“ کی اہم شراکت کا اعتراف کیا جو ملک بھر میں مستحق طلباء کو تعلیمی مدد فراہم کرتی ہے۔ ورلڈ فیڈریشن (WF) پاکستان بھر میں 3,000 سے زائد طلباء کو ZCSS کے ساتھ ساتھ ہائر ایجوکیشن سپورٹ کے ذریعے مدد فراہم کر رہی ہے۔